PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

شان مسعود ٹیسٹ اور شاہین شاہ آفریدی ٹی ٹوئنٹی کپتان مقرر

لاہور 15 نومبر، 2023:

پاکستان کرکٹ بورڈ نے شان مسعود کو پاکستان کی ٹیسٹ ٹیم کا کپتان مقرر کر دیا ہے جبکہ شاہین شاہ آفریدی کو ٹی ٹوئنٹی ٹیم کا کپتان بنا دیا گیا ہے۔

34 سالہ شان مسعود نے 30 ٹیسٹ میچوں میں پاکستان کی نمائندگی کی ہے اور چار سنچریوں اور سات نصف سنچریوں کی مدد سے 1597 رنز بنائے ہیں۔

شان مسعود کو آئی سی ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ 2023-25 کے اختتام تک قیادت کی ذمہ داری سونپی گئی ہے۔ ان کی بحیثیت کپتان پہلی ذمہ داری آسٹریلیا کے خلاف ہونے والی تین ٹیسٹ میچوں کی سیریز ہے جو چودہ دسمبر سے شروع ہو گی۔

دوسری جانب لیفٹ آرم فاسٹ بولر شاہین شاہ آفریدی کو پاکستان کی ٹی ٹوئنٹی ٹیم کی قیادت سونپی گئی ہے ان کی بحیثیت کپتان پہلی ذمہ داری بارہ سے اکیس جنوری تک نیوزی لینڈ میں ہونے والی پانچ میچوں کی ٹی ٹوئنٹی سیریز ہو گی۔
شاہین آفریدی 52 ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میں 64 وکٹیں حاصل کر چکے ہیں۔ اور ان کی قیادت میں لاہور قلندرز نے ایچ بی ایل پی سی ایل لگاتار دو سال 2022 اور 2023 میں جیتی ہے۔

شان مسعود اور شاہین شاہ آفریدی کو قیادت کی ذمہ داری بابر اعظم کے تینوں فارمیٹس میں قیادت سے دستبردار ہونے کے بعد سونپی گئی ہے۔

پاکستان کے ون ڈے کپتان کا اعلان مناسب وقت پر کیا جائے گا۔

-ENDS-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial